**Series A6BAB/C** **SET~1**

رول نمبر
*Roll No.*

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

Q.P. کوڈ
**Q.P. Code** **263/6/1**

امیدوار سوال نامہ کوڈ کو جواب کاپی کے سرورق پر لازمی طور پر لکھیں۔

Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **5** ہے۔
- سوال نامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ سوال نامہ میں چھپے سوالات کی تعداد **12** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **5** questions.
- Q.P. Code given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **12** questions.
- **Please write down the serial number of the question in the answer-book before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# کاروباری مطالعات

# BUSINESS STUDIES (Urdu Version)

وقت : ۲ گھنٹے کل نمبر : ۴۰

*Time allowed : 2 hours* *Maximum Marks : 40*

## عمومی ہدایات :

مندرجہ ذیل ہدایات کو بہت غور سے پڑھیے اور اُن پر سختی سے عمل کیجیے :

(i) اس سوال نامہ میں کل 12 سوال ہیں۔

(ii) سوال نمبر 1 سے 4، 2 نمبروں کے ہیں۔ یہ مختصر جواب ٹائپ کے سوال ہیں اور ان کے جواب 30-50 الفاظ میں دیجیے۔

(iii) سوال نمبر 5 سے 8، 3 نمبروں کے ہیں۔ یہ مختصر جواب ٹائپ کے سوال ہیں اور ان کے جواب 50-80 الفاظ میں دیجیے۔

(iv) سوال نمبر 9 سے 12، 5 نمبروں کے ہیں۔ یہ طویل جواب ٹائپ کے سوال ہیں اور ان کے جواب 80-120 الفاظ میں دیجیے۔

(v) اس سوال نامے میں کوئی مجموعی متبادل نہیں ہے، لیکن 3 نمبروں کے 1 سوال میں اور 5 نمبروں کے 2 سوالوں میں داخلی انتخاب دئے گئے ہیں۔

(vi) اس سوال نامے میں کیس اسٹڈی پر مبنی سوال ہیں۔

**1.** انتخاب کے عمل میں آزمائش کی اُس قسم کی شناخت کیجیے اور اس کی وضاحت کیجیے جو کسی کارکن کی نئی مہارتوں کو سیکھنے کی صلاحیت کی پیمائش کرتی ہے۔ *2*

**2.** 'سیکورٹیز بازار کے توسط کاروں (Intermediaries) کی تربیت' ایک ترقیاتی عمل ہے۔ جو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا انجام دیتا ہے۔ اس کے دو دیگر ترقیاتی اعمال کی وضاحت کیجیے۔ *2*

**.3** 'ملازمین کا بار بار تبادلہ اکثر تنظیم کی پیداواریت کو کم کرتا ہے، پھر بھی اس کا استعمال داخلی طور پر خالی اسامیوں کو بھرنے کے ایک اچھے ذریعے کے طور پر کیا جاتا ہے۔' کیوں؟ کنہی دو اسباب کو بیان کیجیے۔ 2

**.4** انتظامیہ کے اس کام کو بیان کیجیے اور اس کا مطلب بتائیے جو یہ ثابت کرنے میں مددگار ہوتا ہے کہ مقررہ معیارات پوری طرح درست اور موضوعی ہیں یا نہیں۔ 2

**.5** ہیمنت ممبئی کے اے او گروپ(Chain) کے اسپتالوں میں ہیومن ریسورس منیجر کی حیثیت سے کام کر رہا ہے۔ اُسے اسپتالوں کے لیے نرسوں کی تقرری کرنی تھی۔ اس کے لیے اُس نے بہت سے امتحانات اور انٹرویو منعقد کرائے اور درخواست کنندگان کی فراہم کردہ معلومات کی تصدیق کی۔ آخری فیصلہ نرسنگ کے شعبے کے سربراہ کے مشورے سے کیا گیا۔

ہیمنت کو نرسوں کی تقرری کے عمل کی تکمیل کے لیے اب بھی اضافی اقدامات کرنے تھے۔

ان اقدامات کے نام دیجیے اور انھیں سمجھائیے۔ 3

**.6** (a) رسمی اور غیر رسمی ترسیل کا مطلب بتائیے۔ 3

**یا**

(b) انضباط کے پہلے دو مرحلوں کو سمجھائیے۔ 3

**.7** پرائمری مارکٹ میں نئے حصص کو اُتارنے کے غیر مستقل پونجی(Floatation) کے طریقوں کے طور پر 'فروخت کی پیشکش' اور 'رائٹس اشو' کی وضاحت کیجیے۔ 3

**.8** اُس عمل کا نام بتائیے اور اس کا ذکر کیجیے جو ملازمت مرکوز ہوتا ہے اور مخصوص کام کی انجام دہی کے لیے ملازمین کی مہارتوں اور صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ 3

**.9** (a) اس کی وضاحت کیجیے کہ 'ضلع کمیشن' کیسے شکایات کے ازالے میں صارفین کی مدد کرتا ہے۔ 5

**یا**

(b) تحفظ صارفین قانون 2019 کے مطابق کسی صارف کی کوئی پانچ ذمہ داریاں بتائیے۔ 5

**.10** 'زر بازار' کے دستاویزات کے طور پر 'ٹریزری بل'، اور 'زرِ طلب' (Call Money) کی وضاحت کیجیے۔ 5

**.11** رِیا ایک ہوٹل میں منیجر کی حیثیت سے کام کر رہی تھی، کووڈ-19 کے دوران اُس کی ملازمت چھوٹ گئی۔ اب اُس نے خود اپنا ریسٹورینٹ شروع کیا ہے جو قوتِ مدافعت بڑھانے والی غذائیں فروخت کرتا ہے۔ اُس کا ریسٹورینٹ کامیاب رہا اور وہ اچھا منافع کمار ہی تھی۔ دیگر علاقوں کے افراد کو قوتِ مدافعت بڑھانے والی غذاؤں کا فائدہ پہنچانے کے لیے اُس نے مختلف تین شہروں میں تین ریسٹورینٹ کھولنے کا فیصلہ کیا۔ اس کے لیے اس نے تین منیجروں کا تقرر کیا۔ اُس نے سبھی منیجروں کو بتایا کہ کامیاب ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی متعلقہ ٹیموں میں کام کرنے والے لوگوں کی اس بارے میں رہنمائی کریں کہ اُنھیں کام کب اور کیسے کرنا ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا کہ صرف خیالات اور معلومات کا تبادلہ ہی کافی نہیں ہوتا، ضروری یہ ہے کہ اُن سے متعلق ہدایات کا نفاذ موزوں تناظر میں ہو، تاکہ تنظیم اپنے اہداف کو حاصل کر سکے۔ کارکنان کی کارکردگی کی سطح بلند کرنے کے لیے اُس نے صلاح دی کہ لوگوں کے رویّے کے اسباب کو جاننے کے لیے اُنھیں اپنی بصیرت میں اضافہ کرنا چاہیے۔ تنظیم کے اہداف کے حصول کے لیے اُنھیں ماتحتوں کو مطلوبہ طریقے سے کام کرنے کے لیے تیار کرنا چاہیے۔

(a) مندرجہ بالا اقتباس میں بیان کردہ انتظامیہ کے کام کی شناخت کیجیے اور اس کا بیان کیجیے۔

(b) مندرجہ بالا اقتباس میں (a) میں شناخت کیے گئے کام کی اہمیت کے کنھی تین نکات کو بیان کیجیے۔ 2+3=5

.12 (a) ' اے۔ایم موٹرز لمٹیڈ کاریں بنانے والی ایک معروف کمپنی ہے۔ماحولیاتی تبدیلی کے سبب اور حکومت کی طرف سے کیے گئے اقدام کی وجہ سے کمپنی ای کاروں کی تیاری کے میدان میں بھی قدم رکھنا چاہتی ہے۔اس پروجیکٹ کے لیے کمپنی کو 2,000 ₹ کروڑ روپئے کی ضرورت ہے، لیکن مشینوں اور دیگر اثاثوں کی خریداری سے پہلے مینجر مالیات کو پروجیکٹ میں شامل جوکھم کی مقدار کا اندازہ کرنا ہے، کیونکہ اس طرح کا فیصلہ طویل مدت میں کاروبار آمدنی کی صلاحیت، کو متاثر کرتا ہے۔اس کے علاوہ بعض دیگر عامل ہیں جو فائنانس مینجر کے اس فیصلے پر اثرانداز ہو سکتے ہیں۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس میں مذکورمالی فیصلے کی پہچان کیجیے۔اوراُس کو بیان کیجیے۔

(ii) مندرجہ بالا اقتباس (i) میں پہچانے گئے فائنانس مینجر کے فیصلے پر اثرانداز ہونے والے کنھی دو عوامل کو بیان کیجیے۔ 2+3=5

**یا**

(b) ' آر۔کے فرٹیلائزرس لمٹیڈ ' نے یوریا کھاد تیار کرنے کے لیے ایک پلانٹ لگانے کا منصوبہ بنایا۔جس کی بازار میں مقبولیت کا امکان بہت زیادہ ہے، کیونکہ اُس کی فراہمی کے مقابلے میں مانگ زیادہ ہے۔ کمپنی بڑے پیمانے پر عمل کاری کا منصوبہ بنارہی ہے، جس کی وجہ سے بڑے پلانٹ، زیادہ جگہ وغیرہ کی ضرورت پڑے گی۔ کمپنی نے اپنے پلانٹ اور مشینری کو بدلنے کا بھی منصوبہ بنایاہے کیونکہ تکنیکی بدل جانے کی وجہ سے یہ اب چلن سے باہر ہوگئی ہے۔فرٹیلائزروں کی بڑھتی مانگ کو پورا کرنے کے لیے جس سے منافع بڑھ سکتاہے کمپنی اپنی عمل کاریوں میں تنوع لانے کا منصوبہ بھی بنارہی ہے۔وہ سمنٹ سازی کے میدان میں اُترنا چاہتی ہے۔اس طرح یہ ایک سرمایہ مرکوز پروجیکٹ ہے جس میں 3,000 ₹ کروڑ کی سرمایہ کاری شامل ہے۔

مندرجہ بالا اقتباس میں بیان کردہ آر۔کے فرٹیلائزرس لمٹیڈ کی مستقل سرمائے کی ضروریات کو متاثر کرنے والے کنھی پانچ عوامل کی پہچان کیجیے اوراُن کا بیان کیجیے۔ 5